عجیب و غریب طلسمات اور نایاب عملیات کا بےنظیر مجموعہ

طلسمات عجائب

از

افادات

باوا شیام گھر سنیاسی

Qazi
Waqar Ahmed
03444455333

جس کو کارپردازانِ سعیدیہ کتب خانہ داتا گنج بخش روڈ

لاہور نے چھپوا کر شائع کیا۔

خزانہ نوادرات

روحانی سائنس

حافظ زاہد محمود سلامت چوہدری

(ہر مشکل کیلئے حصول فوائد عملیات (روحانی دستگی))

تسخیری عمل ★ ختم سورۃ مزمل (رجوع الخلق) بند کرنے کا عمل ★ دو گانہ جوڑی ★ سورۃ اخلاص کا اکسیری عمل ★ سورۃ فاتحہ ★ اصلاح اخلاق ★ زبان بندی ★ حب ★ دعائے یا بدوح کا استخارہ استخارہ و اعدادی چالیس ★ ہر بلا ★ حضرت خضر ★ عمل نایاب ★ حصار ★ ورد ★ جادو مرتب ★ قضاء و حاجت ★ تسخیر ہمزاد ★ حاضرات بکمال توکل ★ معطر مجرب ★ دست غیب ★ طلسم جادو ★ ختم سورۃ کوثر ★ حصار ★ عشق مجیب ★ گم شدہ پیدا ہونا ★ عرض منظور ★ دافع آسیب و جادو ★ طلسمی انگوٹھی ★ نماز رزق ★ شرف کواکب ★ دفع ظالم ★ ابجد ملک عروق ★ کشف الارواح ★ رشتہ ★ چاہ مشقت ★ اعمال نماز پنجگانہ ★ زیارت سرور کائنات ﷺ ★ چہل کاف ★ تسخیر مستورات ★ دعوت عشق ★ نقش ہزار و در ہزار ★ مفاتیح القلوب ★ نقش جعفری کا عدد غیب ★ حصول غنا ★ ونی بارہ کے تین طریقے ★ کشف قبور ★ حصول ملازمت کا ختم ★ عمل حاضرات ★ دم بسط ★ خاتم سلیمانی ★ مثلث دو پایہ ★ سورۃ اخلاص باموکل ★ فتح نامہ ★ طلسم روحانی ★ قبضہ قبر ★ دست کیمیاء ★ نقش اسماء حسنیٰ ★ شرف زہرہ ★ تسخیر عظیم ★ زیارت خضر ★ درود خضری باموکل ★ نقش مثلث ★ نقش اسرار شمس ★ وغیرہ بے شمار مجرب اعمال کا نادر دہ کتاب ہے۔

فوٹو سٹیٹ مجلد

قیمت
575 روپے

ملنے کا پتہ

کتب خانہ شانِ اسلام

راحت مارکیٹ چوک اردو بازار لاہور
فون نمبر
042-7351120
0321-4363585

استادوں کی پرانی کیمیاگری

ایک ماہر کیمیاگر کے قلم سے

حمد و صلوٰۃ ○ نماز استخارہ و کیمیاء ○ شرائط فن کیمیا ○ اعمال تسخیر چہار موکل ○ تسخیر خلائق ○ عمل کاف باموکل ○ ارواح شناسی ○ کیمیاوی جنتروں کا بیان ○ اصطلاحات کیمیاء ○ قائم النار ○ تیزاب عجیب و غریب ○ ہون شنگرف ○ ہڑتال ○ گندھک ○ قلمی شورہ نوشادر ○ سیماب کی گرہ کرنے کا نسخہ ○ رسکپور ○ قلمی شورہ ○ ملک کافور ○ پارہ چاند ○ طلا حلیہ ○ زنگار معدنی ○ اکسیر از بیاض مولوی غلام رسول ○ قلعی ○ گل ○ تیزاب ہر قسم جست قائم النار ○ مس ولفوس ○ چاندی ○ اکسیر اعلیٰ ○ طوطیا قائم ○ شب خاص ○ مروارید ○ فولاد ○ کشتہ ہیرا ○ طلق ○ یاقوت احمر ○ عقیق ○ مرجان ○ ہڑتال ورقیہ ○ دھنہ فرنگ ○ اسماء سونا چاندی ○ اسماء قلعی ○ اسرب ○ جست ○ مس ○ فولاد ○ مردار سنگ ○ ہڑتال ○ شنگرف ○ سیماب ○ عقیق و مرجان ○ سنگ جراحت ○ ابرک ○ ہڑتال گئو دنتی ○ سنگ یشب ○ مروارید ○ الماس ○ طوطیا ○ سونا مکھی ○ زہر مہرہ ○ بیروزہ ○ سفید مہرہ ○ قشر بیضہ ○ گھونگا ○ گندھک ○ آبگینہ ○ شب یمانی ○ مقناطیس ○ زردی بیضہ مرغ ○ شورہ ○ گل ○ آہک و پھٹکان بید ○ اسپغول ○ نوشادر ○ کہ وریان اجساد ○ ارواح ○ اجبار ○ املاح ○ بیوت ہائے ○ خاک باد وغیرہ

قیمت
575 روپے

فوٹو سٹیٹ مجلد

کئی جڑی بوٹیوں کے

ملنے کا پتہ

کتب خانہ شانِ اسلام

راحت مارکیٹ چوک اردو بازار لاہور
فون نمبر
042-7351120
0321-4363585

اِنتساب

مَیں اس ناچیز تالیف کو منسوب کرتا ہوں، اُن کے نام —— جو ناکامِ محبت ہیں۔ اور باوجود سعیٔ بسیار شاہدِ مراد سے ہمکنار نہ ہو سکے۔

اور اُن کے نام —— جو "محرومِ محبت" ہیں۔ عرصہ تک دشتِ تمنا میں بھٹکتے پھرنے کے باوجود گوشۂ چشمِ التفاتِ یار، اپنی طرف مبذول نہ کرا سکے۔

اور اُن کے نام —— جو "مجبورِ محبت" ہیں۔ جنہیں، ہرچند قُربِ حضوری تو حاصل ہے۔ لیکن ع

ہر قُرب کے پردے میں پوشیدہ ہے اِک دُوری

یہ کیوں؟

اس لئے، اِک خود میری عمر کا ایک شیریں حصہ "اک عربدہ جُو کی حسرت میں گزرا ہے" ۱۲

(مصنّف)

بارِ خاطر

اس کتاب میں جو کچھ لکھا گیا ہے۔ اس کا بیشتر حصہ مجرب ہے اور بعض چیزیں ایسی ہیں۔ جو معتبر ذریعہ سے ہم تک پہنچی ہیں۔ اگر آپ کو کسی بات کی سمجھ نہ آئے، تو جوابی کارڈ لکھیں۔ فوراً جواب دیا جائیگا۔ یا بوجہ عدیم الفرصتی آپ کوئی چیز تیار نہ کر سکیں۔ تو بنی بنائی چیز ہم سے طلب فرما سکتے ہیں۔ بشرطیکہ ہمیں اطمینان ہو جائے کہ آپ کی ضرورت جائز ہے۔ آخر میں ہماری درخواست ہے۔ کہ آپ ہمیں اپنا مونس و غمخوار تصور فرمائیں۔ وما توفیقی الا باللہ ۱۲

نیازمند

مینجر سعیدیہ کتب خانہ

داتا گنج بخش روڈ۔ لاہور

سخنہائے گفتنی

عملیات و تعویذات کی کتابوں کی تو کوئی کمی نہیں، بازار میں اس وقت ایسی بے شمار کتابیں موجود ہیں جن کے بیشتر نسخے ہیں وہ کسی کام کے نہیں۔ مگر دقت یہ ہوتی ہے کہ عملیات کے لیے چلے کھینچنے پڑتے ہیں، ریاضتیں کرنا ہوتی ہیں جو ایک عام دنیادار شخص کیلئے سخت مشکل ہے۔ رہ گیا تعویذات کا سوال ہے، کتابوں کو دیکھ کر تعویذ نقل کر دینے سے کچھ فائدہ نہیں ہوتا جب تک کہ باقاعدہ طور پر کسی عامل کامل سے اجازت لے کر خود بھی اس کا عامل نہ بن جائے۔ اس کے بعد ان میں جسمانی و روحانی پرہیز کی ضرورت ہے اور جسمانی و روحانی طاقت کی اشد شدید ضرورت ہے جس کا آج کل زمانہ میں بمشکل کوئی شخص عامل ہو سکتا ہے۔ سب سے آخری اور کٹھن مرحلہ یہ ہے۔ کہ اگر چلہ میں ناکامی ہو یا پوری طرح پرہیز نہ کیا جا سکے، تو اس کی رجعت پڑتی ہے۔ جس سے آدمی دین کا رہتا ہے نہ دنیا کا۔ بلکہ بسا اوقات جان کے لالے پڑ جاتے ہیں۔

ان باتوں کے پیش نظر سحر و طلسمات کی یہ عجیب و غریب کتاب تیار کی گئی ہے۔ جس میں نہ چلہ کشی کی ضرورت ہے، نہ پرہیز کی حاجت، نہ رجعت کا خوف

بالکل بیکار ثابت ہونگے۔

اس کے مطالعہ سے آپ کو معلوم ہوگا کہ [illegible]

[illegible]

اس کتاب کی حفاظت اور نامحرموں سے احتیاط کے متعلق [illegible]

[illegible]

سب سے آخر میں گذارش ہے کہ مستعمل یہ کتاب صرف اپنے خاص احباب کی فرمائش پر اور وہ اشتیاق [illegible] تھی۔ مگر اس لئے کہ اس کا فائدہ کامل اور نفع عام ہو۔ اسکو شائع کیا جا رہا ہے۔ کوئی صاحب خلاف اخلاق اور خلاف قانون کاموں کیلئے ان چیزوں کو استعمال نہ کریں ورنہ خدا کے سامنے اس بات کے وہ خود ذمہ دار ہونگے۔ فقط ۱۲

پہلا باب

حُبّ و تسخیر

(۱) طلسم کاجل - برائے مسخر کردن مطلوب۔

۴ پروانے ۳ عدد (جو رات کو شمع پر آ کر جل چکے ہوں) ساتھ مرس… لیے۔ اور کنواری لڑکی کے سب سے پہلے حیض کے کپڑے میں لپیٹ کر … اور کورے چراغ میں چنبیلی کا تیل ڈال کر مردے کی کھوپڑی پر … کو چوراستے میں برہنہ بیٹھ کر کاجل حاصل کرے۔ اور تصور مطلوب کا … جب کاجل تیار ہو جائے۔ تو کالی گائے کے مکھن میں ملا کر … مطلوب کے سامنے جانا ہو تو (اگر مطلوب عورت ہو۔ تو بائیں … اوپر اور اگر مطلوب مرد ہو تو دائیں ابرو کے اوپر) ذرا سا لگا کر … مطلوب سے آنکھ سے آنکھ ملائیں۔ پھر جذبۂ محبت کا اثر دیکھیں۔

(۲) طلسم برنج - جو حُبّ اور بغض دونوں کا کام دیتا ہے۔

۴ جن مسواکوں کو ہندو استعمال میں لا کر دریا کے کنارے … ہیں۔ ان کو جمع کریں اور دھان خشک حسب ضرورت لیکر … لڑکیوں کے ناخنوں سے چھلوائیں۔ اور چاند گرہن یا سورج گرہن …

مرگھٹ میں درخت کے نیچے ننگا ہو کر بیٹھے اور جگہ کو گائے کے گوبر کا لیپ کر چولھا بنائے اور دھوپ جلائے۔ اور انسان کی کھوپڑی میں سیاہ گائے کا دودھ (اگر ایسی گائے ہو جو دوسرے حمل کے قریب ہو) اُن چاولوں کی فرنی پکائے اور اسی درخت کی جڑ میں اُوندھا دے۔ جو دانے درخت کی جڑ پر چپکے رہ جائیں ان کو علیحدہ اور نیچے گرے ہوئے کو علیحدہ اٹھا رکھیں۔ پس چپکے ہوئے دانوں میں سے دو تین دانے مع موئے زہار سوختہ۔ بیسوں ناخن سوختہ۔ اپنے بدن کی میل اور آبِ پسینہ قدرِ خوراک باہم آمیز کر کے کسی شیرینی میں ملا کر اپنے ہاتھ سے محبوب کو کھلائے تو تسخیر اور جذبۂ محبت بے مثل ہو۔ اور علیحدہ گرے ہوئے دانوں کی تاثیر جدائی ڈالنے میں بہت تیز ہے۔ مگر درخت پیپل یا کیکر کا ہونا چاہئے۔

(۳) طلسم برائے تسخیر محبوب۔

۴ تو چنگے(?) انگار کو اپنے بیسوں ناخن جلائے۔ اور زبان زاغ کی و خار… سال اور لعاب دہن و خون انگشت خنصر چپ و آب تخم حود(?) سب کو یکجا آمیز کرے اور برابر وزن نخود گولیاں بنائے۔ پھر جس کسی کو ایک گولی پان وغیرہ(?) میں کھلائے۔ معتقد و فریفتہ ہو کر پیچھا چھڑانا دشوار ہو۔

(۴) طلسم چھچھوندر

۴ بروز اتوار چھچھوندر کو برہنہ ہو کر مارے۔ اور اس کے شکم کے اندر پارہ بھر کر اس کا پیٹ سوئی سے سی کر حفاظت سے رکھ دے۔ تاکہ خشک ہو جائے۔ پھر مع سب … کپڑے میں فتیلہ بنائے اور کورے چراغ

میں چنبیلی کا تیل ڈالکر کسی کہنہ پاپوش پر اتوار کے دن کاجل حاصل کرے
جب تیار ہو جائے تو قدرے مطلوب کے جسم یا گردن یا پارچہ پر لگادو
پھر جذبۂ محبت کا اثر دیکھے۔

(۵) طلسم چھوئی مُوئی۔

م نوچندے اتوار کے روز لاجونتی بوٹی کے پانی میں قدرے پارچہ پنبہ
تر کرے۔ بعد خشک ہونے کے اسکو روغن چنبیلی میں تر کرکے مُردے
کی کھوپڑی پر کاجل حاصل کرے اور دوران تیاری میں تصور مطلوب کا بخوبی
رکھے۔ جب کاجل تیار ہو تو آنکھوں میں لگا کر مطلوب کے سامنے جائے
اور آنکھ سے آنکھ ملائے۔

(۶) طلسم شب تاب (جگنو) جو رات کو چمکتا ہے۔

م نوچندی جمعرات کی شب کو جگنو پکڑے اور روغن زیتون میں ڈال کر
۲۱ روز دھوپ میں رکھے۔ بعدہٗ جس جگہ جانا ہو۔ اس روغن کو چہرے پر
مل کر جائیں۔ انشاء اللہ مقصد حل ہو جائیگا۔ بہت مجرب اور آزمودہ ہے۔

(۷) طلسم ہُدہُد۔ بالکل صحیح اور مجرب طلسم ہے۔ جو نادر روزگار ہے۔

م ہُدہُد جانور کا تاج اور زبان اور جگر بروز یک شنبہ بعد ظہر حاصل کرکے
اور ریزہ ریزہ کرکے گڑ یا کسی شیرینی میں ملاکر محبوب کو اپنے سامنے کھلائے
محبوب ماہی بے آب کیطرح طالب کی جُدائی میں تڑپے گا۔

(۸) طلسم طاؤس۔

م بروز یک شنبہ یا سہ شنبہ زبان زاغ و زہرہ طاؤس و آب تخم خود باہم

آمیختہ کرکے کسی شیرینی میں ملاکر اگر کسی کو کھلائیں تو محبت میں دیوانہ ہوگا۔

(۹) طلسم ہندی۔ جو ہند کی عورتوں کے اسرار میں سے ہے۔ اس کے ذریعہ
اپنے خاوند یا جس مرد کو چاہیں۔ فریفتہ کرنے کیلئے کھلاتی ہیں

م وہ منی جو مباشرت سے فراغت کے وقت فرج سے نکلتی ہے۔
گڑ میں ملاکر کھلائیں۔ محبت اور عشق کیلئے سیف برہنہ ہے۔

(۱۰) طلسم قرنفل۔ واسطے محبت کے سخت اثر رکھتا ہے۔

م اپنی منی کو بیضۂ مرغ میں ڈال کر چند لونگیں اس میں داخل کریں۔
اور اس کا منہ بند کرکے محفوظ جگہ میں رکھ چھوڑیں۔ جب خشک ہو جائے
تو اس میں سے ایک عدد لیکر مٹھائی میں ملاکر کھلائیں۔

(۱۱) طلسم شیر سگ۔ جو محبت کے باب میں بہت ہی مجرب ہے۔

م نوچندی اتوار کو سیاہ کتیا کا دودھ لیکر اس میں کچھ ساٹھی چاول
اور قدرے آب تخم خود آمیز کرکے دودھ کو جذب ہونے دیں۔ پھر ان
چاولوں کو حیض کے کپڑے کے ایک سرے پر ڈال کر اس کپڑے کا باقی
حصہ ان چاولوں پر الٹ دیں۔ جب دانے خشک ہو جائیں اٹھا رکھیں
جس کو ان میں سے ایک چاول شیرینی میں ملاکر کھلا دیں گے فوراً عاشق ہوگا

(۱۲) طلسم سگ سیاہ۔

م بروز یک شنبہ کتا سیاہ کہ داغ کسی جگہ نہ ہو بوقت جفتی اُس کی دم کاٹ کر
اس سے جو خون نکلے اس میں دھنی ہوئی سنبل کی روئی قدرے لیکر تر کریں۔
پھر اسے سایہ میں خشک کرکے چنبیلی کے تیل میں مردہ کی کھوپڑی پر لیکر

کے درخت کے نیچے برہنہ ہو کر کاجل بنائیں۔ آبادی سے بالکل باہر جہاں کوئی نہ ٹوکے۔ بجز رات سیاہ کی ہو۔ پھر اس کاجل کو آنکھ میں لگائیں اور مطلوب کی طرف دیکھیں۔ مطیع و فرمانبردار ہوگا۔ اگرچہ کیسا ہی بد خو اور سرکش کیوں نہ ہو۔

(۱۳) طلسم گلہری۔

۴ بروز یکشنبہ عروج ماہ میں دو گلہری نر و مادہ کو لاوے اور ذبح کرکے اور ہر دو کو علیحدہ علیحدہ جلا دے اور بعدہ قرنفل کو اس خون میں تر کرے جو بوقت ذبح لیا گیا ہو اور اپنا لعاب دہن و آب منی مع راکھ کے شکر مرچ اور خوشبو وغیرہ کا اضافہ کرے۔ پھر کسی طریقے سے مطلوب کے جسم یا کپڑے وغیرہ سے مل دے۔ مطلوب مسخر ہو جائیگا اور ایک منٹ بھی طالب سے جدا رہنا پسند نہ کریگا۔

(۱۴) طلسم چوب انجیر۔

۴ نوچندی اتوار کے دن ایک لکڑی انجیر کی لاوے۔ مگر ہفتہ کے دن شام کو کہہ کے آئے کہ فلاں بنت فلاں کی محبت کیلئے کل تجھے لیجاؤں گا۔ اگلے دن یعنی اتوار کو لکڑی اس طرح گھر لائے کہ سورج کی کرنیں اس پر نہ پڑیں۔ پھر ایک کالی کتیا کو مارے اور زبان سے کہے کہ اگر فلاں بنت فلاں مجھ پر عاشق نہ ہوئی۔ تو تیری گردن مروڑ دوں گا۔ پھر اُسے سایہ میں خشک کرے اور جلا کر راکھ کرے اپنے تخم میں آمیز کرے اور گولیاں بنائے۔ پھر مطلوب کو پیچھے سے جا کر وہ گولی مارے۔ مگر دن وہی ہو جو مذکور ہوا۔

وہ عورت شدید محبت میں مبتلا ہو جائیگی۔ اور مانند سگ اس کے پیچھے پیچھے پھرے گی۔ خزائن الاسرار

(۱۵) طلسم عجیب۔ محبت اور شیفتگی کیلئے عجیب و غریب ہے۔ اگر عورت فرج میں لگا کر مرد کے ساتھ ہم صحبت ہو تو مرد و عورت لذت کی کثرت سے ایک دوسرے پر دل و جان سے فریفتہ ہوں گے۔ یہ مجرب نسخہ پوشیدہ اسرار میں سے ہے۔

۴ ابی لفض کا باریک سفوف تھوڑے سے شہد میں ملا کر آلہ تناسل یا فرج میں لگا کر مباشرت کریں۔

(۱۶) طلسم مودت۔ یہ نسخہ عورت نافرمان کو مطیع بنانے میں مسیحائی کا کام دیتا ہے اور مخفی رموز میں سے ہے۔

۴ عورت کے مقام مخصوص کے بالوں کی راکھ عطر کا گل میں ملا کر ہم صحبت ہوں۔ فراغت کے وقت طرفین کو نہایت ہی لذت حاصل ہوگی۔ تا عمر عورت مرد پر جان قربان کرے گی۔

(۱۷) طلسم راسخ۔ صدری اسرار میں سے ہے۔

۴ کرم خل روغن زیتون میں حل کر کے استعمال کریں۔

(۱۸) طلسم اسرار۔

۴ دو پتے گل نیلوفر اور دو پتے گل صدا بہار کے اور دو پتے لاجونتی کے تینوں کو ایک جگہ کرے۔ جس عورت کے اعضاء خاص پر مل کر جماع کیا جائے وہ محبت میں دیوانہ رہے۔ کسی پہلو قرار نہ آئے۔

(۱۹) طلسم گربہ و سگ۔

م بلی مردہ کے دانت و سگ مردہ کے دانت لیکر ایک جگہ پیس
اور محبوب کے پارچہ میں رکھکر بتی بنائیں۔ اور چراغ میں رکھکر مردے کی
کھوپڑی پر کاجل حاصل کریں۔ یہ کاجل ذرا سا محبوب کے جسم یا پارچہ پر
مل دیں۔ محبت میں مبتلا ہو جائیگا مگر دن ہفتہ یا منگل کا ہونا ضروری ہے
جو چاند کے شروع میں آئے۔

(۲۰) طلسم کنجشک خانگی۔

م چڑیا گھر رہنے والی لاوے اور اس کے پیٹ کی آلائش میں پارہ
آب تخم خود ملا کر پھر اس کے شکم میں بھر دے۔ اور اسکو دفن کرے۔ ایک
ہفتہ کے بعد باہر نکالے۔ اس کے بعد قرنفل و مشک ملا کر ایک ایک
گولیاں بنائے۔ جس کو ایک گولی کھلاوے تا عمر جدائی نہ ہو۔

(۲۱) طلسم گربہ سیاہ۔

م ایک سیاہ رنگ کی بلی لاوے۔ جس کے تمام بدن پر دوسرا داغ
نہ ہو۔ اس کی دم کے پاس سے تھوڑا سا خون نکالے۔ اور آب منی خود
ذرا سا جامہ مطلوب میں لگا دے مطلوب شدید محبت میں مبتلا ہو جائیگا

(۲۲) طلسم استخوان گاؤ

م گائے کے شانہ کی ہڈی لیکر کنیر کے پھولوں کی گدی میں
مطلوب کے مستعملہ کپڑے میں لپیٹو اور خشک کر کے آگ دیو۔ جب سرد ہو تو
لگا دے۔ اور مطلوب کیطرف دیکھے۔ نہایت دوست ہوگا۔

(۲۳) طلسم تسخیر۔ پوشیدہ اسرار میں سے ہے۔

م ایک سیاہ ولایتی بلی کا بچہ لیکر پالیں۔ تاکہ جوان ہو جاوے اسے
ہر روز تھوڑا سا گھی کھلائیں۔ یہاں تک کہ پاؤ بھر گھی ہر روز کھانے لگے۔
یعنی ایک ہی مرتبہ میں پاؤ بھر گھی کھالے۔ پھر اتوار کے دن ایک دیگچہ
بے قلعی کا لاکر رکھیں اور ایک تنہا جگہ غسل کر کے برہنہ ہو کر بیٹھ جائیں۔
بلی کو دیگ میں ڈالدیں اور سرپوش کی جگہ ایک سفید رومال مضبوطی کے ساتھ
باندھیں۔ تاکہ بلی کود کر باہر نہ نکل آئے۔

پھر چھ اینٹوں کو تین جگہ رکھکر چولھا بنائیں۔ دیگ کا منہ مشرق کی
طرف رکھیں۔ اور دیگ کے نیچے گھی کا چراغ موٹا سا فلیتہ ڈال کر جلائیں
تاکہ اس فلیتہ کی لو دیگ سے لگ جائے اور دیگ کی تہ گرم ہو جائے۔ تمام
دیگ میں دھواں بھرنے سے بلی کا دماغ ایسا پریشان ہوگا۔ کہ تین مرتبہ
نہایت مہیب آواز سے آسیب کی طرح چیخے گی۔ اس کے بعد وہ دیگ
میں قے کریگی۔ یہ آواز بہت ہی ہیبتناک ہوگی۔ عامل کو دل میں مطلق
خوف نہ کرنا چاہئے۔ اگر ڈریگا تو ہلاک ہو جائیگا۔

اب سرپوش اٹھا کر دیگ سے بلی کو نکالیں۔ اور قے کے روغن کو
کسی نئے چراغ میں رکھکر کاسہ سر انسان پر کاجل حاصل کرے۔ یہ سرمہ
تمام عمر کیلئے کافی ہوگا۔ امیر و فقیر۔ حاکم۔ افسر یا محبوب جس کسی کے سامنے
جائے۔ یہ سرمہ ایک ایک سلائی آنکھوں میں لگا کر آنکھ سے آنکھ ملائے۔
وہ مطیع و فرماں بردار ہوگا +

(۲۴) طلسم محبت - برائے عشق و شیفتگی۔

م ککلہ دریائی ایک جانور ہے۔ جو رات کو ٹانگیں اوپر کرکے سوتا ہو۔ اخیر ماہ بروز شنبہ شکار کرے۔ اس کی چربی نکال کر بوزن چربی کے روغن زیتون ملا کر ایک کڑھی آہنی میں دونوں کو ملا دے اور نیچے کڑھی کے لکڑی سرس کی جلا دے۔ یہانتک کہ دونوں اچھی طرح مخلوط ہو جائیں اور اس امر کا خیال رکھے کہ نہ تو جانور مذکور زمین کو لگے اور نہ کڑھی کو زمین پر رکھے۔ پھر ایک کٹورہ گلی میں اس مخلوط روغن کو ڈال کر روئی زنانہ باڑی کی بتی بنا دے اور روشن کرے اور کاسۂ مردہ پر کاجل حاصل کرے۔ اس طریق سے کہ زمین پر نہ رکھا جائے اس کاجل کو شیشی میں محفوظ رکھے۔ اور بوقت ضرورت آنکھ میں لگا کر محبوب یا کسی افسر کے روبرو جائے، اور آنکھ سے آنکھ ملائے۔ انشاء اللہ دلی مراد برآئیگی

(۲۵) طلسم قرنفل وغیرہ۔

م روز یکشنبہ یا شنبہ کو ایک عدد لونگ اپنے تخم میں تر کرکے خشک کرے۔ جس عورت کو کھلائے۔ کمال محبت و اخلاص دائم قائم ہوگا اسی طرح اگر عورت سپاری اپنے اندام میں ایک شب در رکھکر خشک کرکے بروز دیگر مرد کو کھلا دے۔ وہی تاثیر ہوگی۔

(۲۶) طلسم موئے سر۔

م عورت کے سر کے بال جو کنگھی کرنے میں گرتے ہیں۔ ان کو جلا کر خاک اسکی اپنے تخم میں ملا کر اگر عورت اپنے جسم نہانی پر طلا کرے۔

اسی صورت سے ہم صحبت ہو۔ تو مرد اس کی محبت میں دیوانہ اور فریفتہ ہو جائے۔

(۲۷) طلسم چشم چیل۔

م آنکھ چیل کی بروز یکشنبہ کو لا دے اور باریک پیس کر اس میں مشک و زعفران ملا کر پاس رکھے جس کو ذرا سی کھلا دے۔ محبت میں بیقرار ہو جائے۔

(۲۸) طلسم پارچہ حیض۔

م پارچہ حیض مطلوبہ کو لیکر شیر زاغ میں تر کیا جائے اور جب خشک ہو جائے تو فلیتہ بنا کر روغن چنبیلی میں ڈال کر کاسۂ سر آدمی پر کاجل حاصل کرے اور بوقت ضرورت آنکھ میں لگا کر مطلوب کے پاس جائے۔ اور آنکھ سے آنکھ ملائے۔ فوراً مطیع و فرمانبردار ہوگا۔

(۲۹) طلسم چھپکلی۔

م بروز شنبہ یا یکشنبہ کو جوڑا چھپکلی جو نیچے اوپر جفتی ہوتی ہیں دونوں کی دُم برہنہ ہو کر کاٹ لیوے اور زنانہ روئی کے پنبہ میں لپیٹ کر فتیلہ بنائے اور چراغ میں رکھکر مردے کی کھوپڑی پر اس کا کاجل حاصل کرے اس میں سے ذرا سا لیکر مطلوب کے جسم یا دامن پر لگا دے۔ اسی وقت محبت میں بے قرار ہوگا۔

(۳۰) طلسم نادر روزگار

م اتوار کے روز جب کوئی بڑھی ہندنی مر جائے تو اسکی مرگھٹ پر

پر جاکر قدرے شراب اس کے منہ میں ڈالے۔ اور قدرے شراب رکھ لے جب جیجائے تو اس کی چھاتی پر سے ایک دھڑکتا ہوا ٹکڑا کاٹ لے باقیماندہ شراب میں بچھالیوے۔ اور اپنے پاس محفوظ رکھے پھر اس کو کو کو بطور قلم بناوے اور کسی کوری ٹھیکری پر اس کو ٹکڑے سے مطلوب اور اس کی ماں کا نام لکھ کر آگ کے نیچے دبادے۔ تاکہ اسے حرارت پہنچتی رہے۔ مطلوب بے قرار ہوکر حاضر ہوگا۔ بشرطیکہ مطلوب طالب کے مقام سے واقف ہو۔ ورنہ بصورت دیگر مطلوب کے ہلاک ہوجانے کا خطرہ ہے۔

(۲۱) طلسم چوب لیموں۔

اگر بروز یک شنبہ نر و مادہ گنجشک کو جفتی کرتے ہوئے دیکھے اور رہے کہ اپنا سایہ ان پر نہ پڑے۔ اور ان کے سامنے لیموں کی لکڑی رکھ دے۔ پھر اس لکڑی کو اٹھا کر گھر میں محفوظ رکھے۔ جس کو وہ لکڑی پیچھے سے چھوا دیگا۔ تادم مرگ جدائی نہ ہوگی۔ بشرطیکہ اس لکڑی پر کسی عورت کا سایہ نہ پڑا ہو +

(۲۲) طلسم ملذذ۔ برائے شیفتہ کردن۔

۴ یک شنبہ کو ۳ عدد خراطین لائے اور خشک کرے۔ اور ۲ عدد بیر بہوٹی لیکر ہر دو کو پیسے۔ اور شہد میں ملاکر اپنے عضو خاص پر ضماد کرے بعد خشک ہونے کے نزدیکی کرے۔ عورت فریفتہ ہوگی۔

(۲۳) طلسم دیگر۔

۴ بروز نوچندی اتوار ایک ناگا جو عورتوں کے سر میں ہوتا ہے۔ اور صندل سپید ہردو کو روغن گاؤ میں بریاں کرکے پیس لے۔ اور بائیں ہاتھ کی چھنگلی کے خون میں آمیز کرکے گولی بنالے اور بوقت ضرورت ضماد کرے۔ عورت ہزار جان سے قربان ہوگی۔

(۲۴) طلسم حیرت۔

۴ جب تک چراغ کو گل نہ کیا جائے انزال نہ ہو۔ ترکیب یہ ہے کہ جب عورت سے مباشرت منظور ہو تو جلتا ہوا چراغ گل کیا جائے اور گانجہ کی چلم بھر کر جو شخص گانجا پیتا ہو۔ وہ چلم کو اسقدر کش لگائے کہ جل اٹھے اور اس سے چراغ روشن کرے۔ اور مباشرت میں مشغول ہو جب تک وہ چراغ جلتا رہے گا۔ انزال نہ ہوگا۔ جب چراغ کو گل کیا جائیگا۔ تب فراغت ہوگی۔

(۲۵) ایضاً بنوع دیگر۔

۴ نوچندی اتوار کو جس وقت سگ نر و مادہ جفتی کرتے ہوں۔ اور وہ ایک دوسرے کے ساتھ پھنس جائیں۔ تو کتے کی دم نہایت چابکدستی سے کاٹ لے۔ اس دم کو اکتالیس یوم تک روڑی میں دفن کیا جاوے۔ میعاد مقررہ کے بعد گوشت گل سڑ گیا ہوگا۔ اور اندر کے مہرے موجود ہوں گے ان مہروں کو کنواری لڑکی کے ہاتھ کے کتے ہوئے سوت کا تاگا بناکر اس میں پرو دے۔ بوقت ضرورت کمر میں باندھکر مشغول ہو۔ جب

تک یہ طلسم کمر میں رہے گا۔ فراغت نہ ہوگی۔

(۳۶) طلسم سیماب۔

۴ پنجشنبہ (جمعرات) کو ایک سیاہ تیتر بچہ پکڑ کر تین دن اسکو بھوکا رکھیں۔ چوتھے دن اتوار کو اس کی چونچ پکڑ کر اس کو پارہ کھلائیں۔ مگر پارہ کو گائے کے دودھ میں بھگو کر دیں۔ جب وہ بیچال کرے۔ تب پارہ کو اٹھا کر حفاظت سے رکھیں۔ اور عرق لیموں میں بھگو دیں۔ جب گولی سخت ہو جائے۔ بوقت ضرورت منہ میں رکھیں۔ ہرگز فراغت نہ ہوگی۔

(۳۷) طلسم گنوار۔

۴ بوٹی گنوار (گھیکوار) کا ایک ایک پتہ چھیل کر ہر دو کف پا پر باندھیں۔ خواص بالا رکھتا ہے۔

(۳۸) طلسم جوز۔

۴ برگ جوز ماثل سیاہ کا پانی ۵ تولہ۔ سیماب ۱ تولہ۔ کامل ۴ پہر کھرل کر کے پھر ہاتھ اور پاؤں کی ہتھیلیوں پر مل کر خشک کریں۔ وہی خواص رکھتا ہے مگر دن منگل کا ہونا ضروری ہے۔

(۳۹) طلسم چشم شتر۔

بروز شنبہ اونٹ کی بائیں آنکھ نکال کر ایک پارچہ میں لپیٹیں اور بوقت کچا تاگا لیکر جو ایسی کنواری لڑکی ہاتھ کا کتا ہوا ہو۔ جس کے اور نانی زندہ ہو۔ اس تاگے میں باندھ کر عین ناف کے نیچے ٹھہرائے جب تک نہ کھولیگا۔ فراغت نہ ہوگی۔

(۴۰) طلسم برائے شکستن آزاربند۔

۴ بروز یکشنبہ جب گنجشک نر و مادہ آپس میں جفتی کرتے ہوں تب ایک سوت کا تاگا جو کسی کنواری لڑکی نے کاتا ہو۔ اس تاگا میں گرہ دیتا جاوے اور بعد میں اس کو لوبان کی دھونی دیدے۔ پھر اس تاگا کو راستہ میں ڈالے۔ جو عورت اس پر سے نانگھ جائیگی۔ اس کا آزاربند ٹوٹ جائیگا بشرطیکہ اس عورت سے پہلے کوئی دوسرا اس تاگا پر سے نہ گزرا ہو۔ اور دن اتوار کا ہونا ضروری ہے +

(۴۱) طلسم ایضاً۔ گھڑا ٹوٹ جائے۔

۴ اگر کوئی آخر ماہ منگل کے روز کمہار کا ڈورا۔ جس سے وہ برتن گل تراشتا ہے۔ چرا لاوے۔ اور رات کے وقت جبکہ ستارا ٹوٹے برہنہ ہو کر رشتہ مذکور میں سات گرہ دے اور لوبان و گوگل کی دھونی دے کر راستہ میں ڈال دے۔ جو عورت گھڑا لیئے ہوئے اسے نانگھ جائیگی۔ فوراً گھڑا ٹوٹ جائیگا۔ مگر سب سے اول نانگھنے کی شرط ہے +

(۴۲) طلسم اعجب العجائب۔ پستان غائب ہو جائیں۔

۴ لاجونتی کے پتے اتوار کے دن لا دے اور ہاتھوں پر ملے اور ہاتھ کسی عورت کو دکھا کر ایک مٹھی بند کر لے۔ فوراً اس کا ایک پستان غائب ہو جائیگا۔ اسی طرح اگر دوسری مٹھی کو بند کرے گا۔ وہ بھی غائب ہو جائیگا اور عورت مارے شرم کے پانی پانی ہو جائیگی۔ پھر جب مٹھیاں کھولے گا۔ تو برآمد ہونگے +

دوسرا باب

بستن وکشادن مرد وزن

(۴۳) طلسم شجر الحیا۔ بدکار عورت کے باندھنے کیلئے کہ کوئی مرد اس
سے مباشرت نہ کر سکے۔ مجرب اسرار سے ہے۔

۴ نوچندی اتوار کے دن چاول کے دانے ہلدی میں رنگ کر لاجونتی
درخت کے پاس جائے اور ان پر چاولوں کو الٹ دے۔ اور کہے یہ
فلاں کام ہے۔ میں تیرے پاس آؤں گا۔ تجھے خبر ہوگی۔ پھر ایک ساعت
بعد اس کے پاس جا کر کچھ پتے توڑ لائے۔ جب کسی عورت کو باندھنا
مباشرت کے وقت ان پتوں کو ہاتھ میں مل کر بائیں ران کی طرف
مل دے۔ اور کہے میں نے تجھے اپنے علاوہ اوروں کے واسطے بند کر
دیا۔ انشاءاللہ کوئی دوسرا مرد اس عورت پر قادر نہ ہو سکے گا۔

اگر عورت مرد کو بستہ کرنا چاہے تو یہی عمل کرے اور مرد کی
میں مل دیوے۔ تو وہ مرد دوسری عورت کے ساتھ مباشرت نہ کر سکے گا۔

(۴۴) طلسم ناموس۔

اگر عورت شجر الحیا کے پتے اپنے بستر کے نیچے رکھ چھوڑے

کوئی مرد خواہ کیسا ہی قوی کیوں نہ ہو۔ قادر نہ ہو سکے گا۔

(۴۵) طلسم دیگر۔ بدکار عورت اور فاسق مرد کے باندھنے کیلئے
مجرب اور اسرار مخفی میں سے ہے۔

۴ جس کو باندھنا ہو۔ اس کے سر کا ایک بال کپڑے کے تار سمیت لیکر
رات کو لاجونتی کے درخت کے پاس جائے۔ جب تارا ٹوٹے۔ اس تار اور
بال کو کسی شاخ سے لپیٹ دے اور کہے کہ میں نے فلاں مرد یا فلاں
عورت کو باندھ دیا۔ فوراً شخص مذکور بند ہو جائیگا۔ لیکن بہ نظر خوف خدا اس
درخت کو کسی برتن کے نیچے محفوظ رکھے۔ کہ جب کشادہ کرنا ہو۔ تو اسے
کھول دے۔ ورنہ اس شاخ کے ضائع ہونے کے بعد بستہ آدمی کا کھلنا
ممکن نہیں۔

(۴۶) طلسم حیا آور۔ اگر عورت بہت شوخ اور بے حیا ہو۔ تو ذیل
کی ترکیب مجرب ہے۔

۴ اتوار کے روز شمس کی ساعت میں شرم بوٹی کی جڑ لیکر چند روز
کسی ترکیب سے کھلائیں۔ نہایت حیادار ہو جائیگی۔

اور اگر سورج گرہن یا چاند گرہن کے وقت لاجونتی کی جڑ لیکر تعویذ
اپنے پاس رکھے۔ موجب افزونی شرم وحیا اور مقبول خلائق ہوگا

(۴۷) طلسم بستن دیگر۔ فاحشہ بدکار عورت کے باندھنے کیلئے۔

۴ اس عورت کے سر کے بال جو کنگھی کرنے سے گرے ہوں جلا کر
اس کی راکھ آلہ تناسل پر مل کر مباشرت کرنے سے عورت بستہ ہو جائیگی۔

(۴۸) طلسم بستہ کردن زن۔

٭ بھیڑیئے کا پتہ یا کفتار کا یا چمگادڑ کا پتہ یا کوے کا خون آلۂ تناسل
پر طلا کر کے مباشرت کرے۔ عورت بستہ ہو جائیگی۔

(۴۹) طلسم دیگر۔

٭ ایک دام کافور۔ اور چھ دانے شلجم کے پیس کر اپنے عضو پر طلا کرے اور
خشک کر کے عورت سے ہم صحبت ہو۔ عورت بندھ جائیگی۔

(۵۰) طلسم کشادہ کردن مرد بستہ کا۔

٭ گدھے کی شرمگاہ کے گوشت کا بخور کرنا قوتِ رجولیت بستہ کو جو
طلسم یا مانند اس کے کسی دیگر چیز سے ہو۔ کھول دیتا ہے۔

(۵۱) طلسم دیگر۔

٭ چوراہے میں رات کے وقت برہنہ ہو کر پیشاب کرنا بھی یہی خواص
ہے۔

(۵۲) طلسم واسطے کشادہ کرنے مرد بستہ کے۔

٭ بیخ ہنگرہ۔ بجتا فس۔ دونوں کو روغن تلخ میں جلا کر عضو پر طلا کرے
کشادہ ہو جائیگا۔

طلسم مرد کو بستہ کرنا۔ مرد کی منی انزال ہونے کے بعد
سرخ رنگ کے ریشم کے کپڑے میں باندھکر چارپائی کے پائے کے
دبا دیں۔ مرد بستہ ہو جائیگا۔ جب تک وہ کپڑا نہ نکالا جائیگا۔
نہ ہوگا۔

(۵۹) طلسم برائے خانہ جنگی۔

٭ اگر چربی خوک مہینے کے آخری منگل کو بساعت زحل دشمن کے مکان
میں رکھدے۔ ساکنانِ مکان میں نوبت ہتھیار کی دفعتہً آئے۔

(۶۰) طلسم برائے جدائی دو کس۔

٭ اگر چاہے کہ دو آدمیوں میں جدائی ہو جائے تو روز یک شنبہ کو
خونِ زاغ سیاہ اور خونِ بوم لائے اور کپڑا ان دونوں کا پہنا ہوا اس خون
میں تر کر کے رکھ چھوڑے۔ اور چودھویں کی رات کو وہ کپڑا جلا کر راکھ
کرے۔ پھر وہ راکھ تھوڑی سی ان دونوں کے سروں پر چھوڑے نفاق
کامل ہو جائیگا۔

(۶۱) طلسم مجرب۔ بغض اور عداوت کیلئے نہایت زود اثر ہے۔
اور بارہا تجربہ میں آیا ہے۔

٭ بلی کے اگلے دانت ۲ عدد اور کتے کے اگلے دانت ۲ عدد مرچ سیاہ
۲ عدد لے کر جن میں عداوت کرانا منظور ہو ان کے کپڑوں میں یہ چیزیں
باندھکر کسی پرانی قبر میں آخری منگل کے روز مریخ کی ساعت میں دبا کر
جدائی ہو جائیگی۔ جب تک ان کو علیحدہ نہ کرے گا۔ ملاپ نہ ہوگا۔

(۶۲) طلسم برائے بند کردن پیشاب دشمن۔

٭ بروز اتوار چھچھوندر کو مار کر اس کے شکم میں دشمن کے پیشاب کی مٹی
بھر کر سی دے اور چورستہ میں گاڑ دے۔ پیشاب بند ہو جائیگا۔ جب باہر
نکالیگا۔ تو آرام آ جائیگا۔

(۶۳) طلسم حابس بول۔

بروز اتوار کسی کمہار سے کچی ہوٹی لاکر اس میں دشمن کے پیشاب کی مٹی ڈالکر اور سیہ کا کانٹا لے کر سورت قل اعوذ برب الناس ۱۱ مرتبہ پڑھکر کانٹے کو مٹی کے اندر گاڑ دے اور کسی کافر کی پرانی قبر میں جسکا تعویذ گر چکا ہو۔ دفن کر دے۔ بہت جلد مطلب حاصل ہوگا۔

(۶۴) طلسم عجیب۔

بروز اتوار ۴ کیل تانبے کے تیار کرائے۔ اور قدرے شراب اور تھوڑے سے چاول لیوے اور اسی روز جبکہ کوئی ہندو کلال یا برہمن مرے۔ اور اس کی میت کو لیکر گھر سے نکلیں اور باہر جاکر برتن توڑیں تو اس برتن کے ٹکڑے اٹھاکر محفوظ رکھے۔ اور پھر مرگھٹ پر چلا جاوے اور مردے کی چھاتی کا دہکتا ہوا کوئلہ لیکر اس ٹھیکری پر رکھکر چاول اور شراب ڈالدے اور ٹھنڈا کرے۔ پھر تانبے کی میخوں کو مرگھٹ کے چاروں کونوں پر گاڑ کر کوئلہ کو لے کر واپس چلا آوے۔ جب کام لینا منظور ہو۔ اس ٹھیکری پر اسی کوئلہ سے دشمن کا نام لکھ کر آگ کے نیچے دفن کر دے۔ جوں جوں ٹھیکری کو حرارت پہنچیگی۔ دشمن بیمار ہوتا جائیگا۔ اور کڑھ کڑھ کر ہلاک ہوجائیگا۔

(۶۵) طلسم برائے بیمار کردن دشمن

ایک عدد کاغذی لیموں لے اور ایک عدد سیہہ کا کانٹا لے اور نہر یا دریا پر جاکر رات کے وقت یہ عمل شروع کرے۔ جب تارا ٹوٹے

قہر بدوح قہر بدوح قہر بدوح تین دفعہ کہکر کانٹا لیموں کے اندر گاڑنا شروع کرے۔ اور قل اعوذ برب الناس تمام سورت پڑھتا جائے۔ حتیٰ کہ کانٹا لیموں میں گاڑ دے۔ دشمن اسی وقت بیمار ہوجائیگا۔ مگر تصور دشمن کا پورے طور پر رکھے۔ جس وقت راضی کرنا ہو۔ کانٹے کو لیموں سے نکال دے۔

(۶۶) طلسم دیگر۔

رس کپور ½ ماشہ۔ لونگ ۲ عدد۔ برگ کنیر سفید ۲ عدد۔ تینوں چیزوں کو نیم بریاں کرے اور کسی چیز میں ملاکر دشمن کو کھلائے۔ بیمار ہو جائیگا۔ سوائے شربت انار اور صندل ہمراہ شیر بز دینے کے کسی چیز سے آرام نہ ہوگا۔

(۶۷) طلسم بلادر۔

بھلانوے ٹوپی والے بول خر میں ڈال کر کوزہ گلی میں گل حکمت کریں۔ اور ۲۱ یوم رُوڑی میں دفن کریں۔ اس کے بعد نکال لیں اور محفوظ رکھیں۔ یہ تیل کسی چیز کے ذریعہ ذرا سا دشمن کے جسم پر لگائیں بیمار ہوجائے گا۔

(۶۸) طلسم گرگٹ۔

ایک عدد گرلا لیکر اس کا شکم چاک کریں اور حسب ضرورت بلادر گلا ہوا بھر کر سی دیں اور بذریعہ پاتال جنتر اس کا تیل نکال لیں۔ ذرا سا تیل دشمن کی جوتی کے تلے میں لگائیں اور پھر ملاحظہ فرمائیں کہ دشمن کیونکر

ہلاکت کو پہنچتا ہے +

عورت کا حیض جاری کرنا

جسے پیڑہ چھڑانا کہتے ہیں - اور عورتوں سے انتقام لینے کیلئے کیا جاتا ہے -

(۶۹) طلسم کھٹمل -

م کھٹمل کا پچھلا نصف حصہ کسی چیز میں ملفوف کر کے کھلادیں - فوراً خون حیض جاری ہو جائیگا - اور اگلا نصف حصہ بحفاظت رکھیں - کیونکہ صرف اسی کے کھلانے سے بند ہوگا -

(۷۰) طلسم بے نظیر -

م مرگ موش ۲ $\frac{1}{2}$ تولہ - حب السلاطین اکیس ایک دانہ - دونوں کو یکجان کریں - پھر کسی کانسی کے کٹورے میں رکھکر اوپر کانسی کی تھالی دیکر مضبوطی سے گل حکمت کریں اور دھوبیوں کی بھٹی میں جہاں وہ کپڑے رکھیں - کپڑوں کے درمیان اسے رکھدیں - صبح نکال لیں - تیل ہوگیا ہوگا - اسے بحفاظت رکھیں - اور ایک بوند کسی پھول پر ڈال کر عورت کو سونگھنے کیلئے دیں - فوراً حیض جاری ہو جائیگا - بند کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ برادہ چیل کی لکڑی کو پانی میں ابالکر اس میں بٹھائیں - اور شربت صندل پینے کے لئے دیں - نہایت عجیب وغریب راز کی چیز ہے

(۷۱) طلسم قرنفل -

م دو عدد لونگ بروز اتوار لا دے - ایک لونگ کو بوقت شب جائے پیشاب میں رکھے - اور دوسرا اپنے منہ میں - صبح کو نکال لے پیشاب والا عورت کو کھلانے سے حیض جاری ہو جائیگا اور منہ والا کھلانے سے فوراً بند ہوگا -

(۷۲) طلسم منقار -

م اتوار کے دن گدھ کی چونچ لا دے - اور دھوپ اور گوگل کی دھونی دیکر کسی قدر خط اس چونچ سے زمین پر کھینچے - جو عورت اسے نانگھ جائیگی - اس کا خون حیض جاری ہو جائیگا - بشرطیکہ پاؤں خط کے اوپر نہ آئے - اور جب وہ منقار دھوکر پلائی جائے گی تب آرام ہوگا -

(۷۳) طلسم لیموں -

م ایک سیہ کا کانٹا اور ایک کاغذی لیموں لیکر بوقت شب چشمہ پر جاکر برہنہ ہو کر بیٹھ جاوے - جب تارا ٹوٹے تو کانٹا لیموں میں چبھو دے مگر پہلے سورہ قل اعوذ برب الفلق پڑھکر اور قاف کو خوب زور سے حلق سے نکال کر کانٹے پر دم کرے اور کہے کہ فلاں بن فلاں عورت کا پیڑہ چھوٹے اسی وقت خون استحاضہ جاری ہو جائیگا - پھر اس لیموں کو کسی محفوظ جگہ رکھدے - جب اسے تندرست کرنا ہو تو کانٹے کو لیموں میں سے نکالیں - یاد رہے کسی دوا سے اچھا نہ ہوگا - عامل کو خوف خدا لازم ہے +

(۷۴) طلسم بندش۔ کسی کا کاروبار یا دکان بند کرنی ہو۔ تو یہ ترکیب مجربات سے ہے۔

م تھوڑی سی خاک اس کے گھر کی لیکر خون حیض میں ملائیں اور گولیاں بنا کر جلتے ہوئے ہندو کی مرگھٹ میں ڈال دیں۔ جب مردہ جلجائے۔ اُسی قدر مردہ کی خاک لیکر پوشیدہ دشمن کے مقام پر رکھدیں۔ پوری بندش لگ جائیگی۔ یہ مجرب ہے۔

اور کھولنے کیلئے شاخ نیلوفر پر سورہ فاتحہ لکھکر بہتی ہوئی ندی کے ایک لوٹہ پانی میں ڈالکر خوب زور سے ہلائیں اور سورہ مذکور پڑھتے رہیں۔ جب حروف مذکور لوٹے میں پانی کی حرکت سے مٹ جائیں وہ پانی وہاں تمام جگہ چھڑکیں۔ بندش دفع ہوگی۔

شہوت زائل کرنا

(۷۵) طلسم قاطع شہوت۔ عورت کی شہوت کو زائل کرنے اور اسے مردوں سے نفرت دلانے میں کامل اثر رکھتا ہے:۔

م ذکر الذئب کو سورج نکلنے سے پہلے یا غروب کے بعد لاکر سایہ میں سکھالیں۔ پھر جب عورت کو کھلائیں۔ مردوں سے نفرت کرنے لگے۔

(۷۶) طلسم دیگر۔
بیل کا ذکر سایہ میں سکھا کر نصف مثقال شراب کیساتھ کھلانا بھی

شہوت کو زائل کرتا ہے۔

(۷۷) طلسم سپاری۔
کیلے کے درخت کا تنہ چیر کر چھالیہ کو اس کے اندر دو ہفتہ تک رکھیں پھر نکال کر پُر شہوت مرد یا عورت کو کھلائیں۔ شہوت زائل ہوجائیگی۔

(۷۸) ایضاً۔
کافور کو مکھن میں لپیٹ کر کھلانا یہی فوائد رکھتا ہے۔ علیٰ ہذا پھٹکری بریاں ایک یا دو ماشہ مصری کے شربت کے ساتھ چند روز کھلائیں۔ قاطع شہوت ہے۔

چوتھا باب

اعمال سفلی

(۷۸) عمل حُب۔

یا عزیز یا عزیز یا عزیز یا جبار یا جبار یا جبار یا قہار یا قہار یا قہار آئی پتری کالی تلوار چلے سینے دشمن کے کر کے مار دار یا دھند کار یا دھند وکار۔ فلاں کی بیٹی آوے میرے گھر بار سب جے نر آوے، اس کا برسے چار ہزار۔ بحق یا بدوح یا بدوح یا بدوح۔

ہر روز ۱۲۵ بار پڑھکر اکیس یوم کا چلہ کھینچے۔ اور شروع چاند میں ابتدا کرے۔ لباس اچھا ہو۔ اور جلالی و جمالی پوری پوری پرہیز رکھے یعنی صرف جو کی خشک روٹی کھائے۔ جھوٹ نہ بولے۔ اور طہارت کا پورا خیال رکھے۔ انشاء اللہ بہت جلد مقصد حاصل ہوگا۔

(۷۹) منتر برائے حُب۔

پرم ستین گجن پرم سلائی اودھو جوگی تماشی گھر آئے۔ گئے نسنس ننانان سوکن کہنے دبانی کھنجانی۔ جیسا ہمارا منتر تیتی کھنچے دھار۔ کھنچے اِک وار۔ ہمارا کام نہ بنے ستنس دشوار۔ گورو کی سنگت۔ چیلے کی لگت پھرے منتر ایشر مہا دیو کی باچا پھرے۔

ترکیب۔ صبح کے وقت زچندی پڑھ کر کو ۷ بار پڑھکر سرمے کی سلائی پر دم کرے اور ایک آنکھ میں لگائے۔ پھر دوسری بار پڑھکر دوسری آنکھ میں لگائے اور محبوب کے سامنے جائے مگر راستہ میں نظر نیچی رکھے اور ادھر ادھر نہ دیکھے۔

(۸۰) سرمۂ محبت۔

۴ بروز اتوار نیا چاند۔ دوپہر کے وقت برہنہ ہوکر خانگی چھپکلی مارے اور اسکی دم کاٹ لے جب تک وہ ناچتی رہے خود بھی ناچے۔ پھر رات کو چوراہے میں دفن کر آئے۔ اور منگل کے دن اسے نکالکر رات کو چراغ میں محبوب کے پہنے ہوئے کپڑے کی بتی بناکر اس میں یہ دم لپیٹے اور چراغ کے سامنے ننگا ہوکر یہ کلام پڑھتا رہے:۔

• راجا ماوے ملج کو۔ پرجا دھاوے کاج کو:

اور مُردے کی کھوپڑی پر کاجل حاصل کرے۔ یہ کاجل لگاکر محبوب کے سامنے جاوے اور اس سے آنکھ ملا دے۔ دیکھتے ہی سر تسلیم خم کرے گا۔

(۸۱) حُب کا منتر۔

باراں سرسوں۔ تیراں رائی۔ ہٹ کی مٹی سوئے کی شائی۔ چارے چیزاں پرے گرو دے نے بند کرائی۔ محبت کراں میں محبت کرے جگا پڑھ پڑھ ماراں لگدی پٹی اوڈیکے راہ۔

ترکیب۔ باراں دانے سرسوں کے جو سفید ہوتی ہے اور ۱۲ دا

ساتی اور قدرے کنوئیں کی سلائی کی مٹی اور مسان کی خاک۔ چار دلی خرمے
نوچندی اتوار کو لاوے اور ہر ایک چیز پر علیحدہ علیحدہ اکیس اکیس بار پڑھکر
ایک ڈبیہ میں بند کرے اور محبوب کے سینے پر جبکہ وہ سامنے سے آ
رہا ہو مارے۔ کتے کی طرح محبوب پیچھے پیچھے پھرے گا۔
جب وہ دور کرنا ہو۔ تو پیٹھ آنے پیچھے راہ کی جگہ چھوڑ چلے پھر راہ پیچھے
باقی سارا کلام اسی طرح۔ اور مٹی پشت پر مارے۔

(۸۲) عمل برائے محبت۔

مطلوبہ کے بائیں پاؤں کی مٹی اور طالب کے دائیں پاؤں کی مٹی
لیکر ایک پارچہ نیلا بقدر قد آدمی کے ایک سرے پر باندھ دیں۔ پھر
ایک کاغذ پر اس منتر کو لکھ کر دوسرے سرے پر باندھیں۔ منتر یہ ہے۔
وہ چار بند چار میخ بند۔ عقلوں ست سوز نجیر بند۔ حیوان بند۔ زنجیر بند
توپ بند تفنگ بند۔ دریا بند۔ بندوق بند۔ تلوار کی جھاڑ بند۔ لا الٰہ جانم
پھر تہ بانم۔ انگشتری سلیمان علیہ السلام سلام قولاً تن ...... تا نفیلی
دین) جبک یا جبرائیل جبک یا میکائیل جبک یا اسرافیل جبک یا عزرائیل
پھر ایک بیضہ مرغ لیکر اس پر چار خانے بنا کر ان میں سورۃ اذا زلزلہ
لکھے اور ہر خانے کے نیچے نام مطلوب مع اپنے نام کے لکھے۔ پھر اس پر سیاہ رنگ
کے بال لپیٹ دے اور تاگے سے باندھے۔ پھر ایک گڑھا نکال کر دونوں
نیچے اوپر آگ دیکر درمیان انڈا رکھ دے۔ اور پارچہ نیلا لکڑی کا
سرا انگوٹھا پاؤں اور ساقہ دالی لکڑی کے درمیان دبا دے اور تعویذ والا

سرا اس میں لیکر منتر مذکور پڑھنا شروع کرے۔ سات بار پڑھ چکے۔ پھر
آہستہ آہستہ پڑھتا رہے۔ جب انڈا پھٹ جائے تو چھوڑ دے اور پارچہ
سے مٹی اور تعویذ نکال کر اس میں ڈال کر دبا دے۔ اور چلا آوے مطلوب
حاضر ہوگا۔

(۸۳) منتر حب کیلئے پھولوں پر پڑھنے کا۔

پھول بنے پھول بنے، خواجہ خضر پیغمبر بنے۔ اس پھول کی بیبے
باس لیکر آوے ہمارے پاس۔ ہمارے پاس آوے تو چھوڑے۔
نہیں تو وہاں کلیجہ پھوٹے۔ آوے پر آوے نہ آوے تو لات بیر تال
کی کھاوے۔ ایسی کھائی کھاوے جو ہر کام سے جاوے نہ کھڑی کھڑے
کو چین۔ نہ بیٹھی بیٹھے کو۔ تلک جب لگ نہ دیکھے ہمارا مکھ۔ پھر منتر ایشور
مہادیو تیرا واچا چلے۔ کام سو جو اللہ محمد آپ ہی کرے۔
ترکیب۔ نوچندی جمعرات کو شروع کرے ہر روز ۲۱ عدد چنبیلی کے
پھول لیکر ہر پھول پر ۲۱ بار پڑھے۔ اکیس دن تک۔ اور ہر روز یہ پھول
کسی شہید کی قبر پر چڑھا دیا کرے۔ پھر جب کام لینا منظور ہو تو کسی چنبیلی
کی بندکلی پر نوچندی بدھ کو تین روز تک ہر روز ۲۱ بار پڑھکر دم کر آیا کرے
تین روز کے جب کلی کھل جائے تو اتار لے اور دوسرے پھولوں میں
ملا کر ہار گوندھ لے اور مطلوب تک پہنچائے۔ اس کی خوشبو لیکر مطلوب ملنے
کے لئے بیقرار ہوگا۔
عجیب و غریب عمل ہے۔ مگر جلالی و جمالی پرہیز شرط ہے +

(۸۴) ایضاً گڑ پر پڑھنے کا۔ از افادات حضرت مولینا سید عباس علیشاہ صاحب حکیم مطلق و تمغہ یافتہ طبیہ کالج دہلی۔ خلف الرشید آقائے نامدار سید جناب علیشاہ صاحب رئیس اعظم جالندھر شہر۔ جو اسرار خفی میں سے ہے۔ نااہلوں سے چھپائے۔

۴ گڑ گڑ تجھ کو مسان آوے، آوے ترت جگوان۔ آوے تو بیر بتال کی لات چھاتی پہ کھاوے۔ چلے منتر پھرے بھاشہ دیکھو بھیرو لیر تیرے علم کا تماشہ۔

ترکیب۔ چاند گرہن یا سورج گرہن کے وقت گڑ ہاتھوں میں لیکر پڑھتا رہے۔ جتنی عرصہ گرہن رہے اتنا ہی عرصہ پڑھے۔ اور جس جگہ پڑھنا ہو پہلے اس کو گائے کے گوبر سے لیپ کرے۔ اور تھوڑی سی شراب پاس رکھے اور گوگل یا دھوپ کی دھونی ضرور جلائے۔ جب پڑھ چکے تو گڑ اور شراب پر دم کرے اور شراب کو اس جگہ پر گرادے اور چلا آوے پیچھے مڑ کر نہ دیکھے۔ ایک سال تک اس پر عامل رہیگا پھر جب گرہن لگے تو مکرر پڑھے اور جب کسی کو مسخر کرنا ہو تو گڑ پر ۲۱ بار دم کرکے کسی حیلے سے کھلا دے اور عجائبات ملاحظہ کرے۔

(۸۵) دیگر مرچ سیاہ پر پڑھنے کا۔

۴ مرچ لیتی مرچ ستی مرچ نارسنگھ بیر تیرے دوارے لتی جس کاران میں مرچ جلاکھی۔ پاؤں پڑنت میرے نظر میں آیا۔ اٹھایا جیت جگایا مسان۔ چار سے بیر مسان تو میرا کہنا مان۔ چلتی کو چلا لا۔ بیٹھی کو اٹھا لا

سوتی کو جگا لا۔ حاضر کرو۔ حاضر کرو۔ حاضر کرو شتاب +

ترکیب۔ نوچندی اتوار کو ۱۲۱ مرچوں پر ہر ایک مرچ پر ایک بار مسان میں جاکر پڑھے ——— گیارھویں دن سوا سیر کچا دو چھٹانک ماش اور ایک چھٹانک شراب اور چوکیہ چراغ جگا کر پاس اور شراب رکھکر اس کے گرد پھر کر ۱۰۱ بار پڑھے۔ جس وقت ختم ہو جاوے تو گیارہ بار مرچوں پر پڑھکر مرچوں کو چراغ کے اوپر پھرا دے۔ اور واپس آجاوے۔ پیچھے پھر کر نہ دیکھے اور مرچوں کو کوری کجی میں رکھکر بند کر کے محفوظ رکھے۔ جب کام لینا ہو۔ تو ان مرچوں میں سے ایک ایک مرچ پر۔ جس کا لانا ہو اس کی جگہ مطلوب کا نام لیکر ایک ایک بار پڑھکر جلائے۔ گیارہ روز تک ایسا ہی کرے۔ گیارہ روز کے اندر اندر مطلوب خواہ سو کوس کے فاصلے پر بھی کیوں نہ ہو ضرور حاضر ہوگا۔ پوشیدہ اسرار سے ہے +

(۸۶) منتر سرسوں پر پڑھنے کا +

گوری سرسوں باگن بنتی۔ لگی آگ فلانی دے۔ کوٹ پر گھتاں جیں گھر گھتاں سٹھ بھر۔ بھوت مچاواں تس گھر۔ بھن فلانی دا متھا۔ بھن فلانی دا کپال۔ جاگ بے جاگ بیر انگیا بیتال۔ جس کو لاواں تس کو بھڑک لاگ کالا گورا کھیتر پال

ترکیب۔ چاند گرہن میں ۱۰۱ بار سیتی سرسوں پر پڑھیں ایک ہاتھ میں سرسوں لیکر اس پر پڑھکر پھر دوسرے ہاتھ میں لے لیویں۔ اسی طرح اخیر تک کریں۔ اگر چاند گرہن کو نہ پڑھ سکیں تو نوچندی منگل کو شروع کر کے

اکتالیس یوم تک ۱۰۱ بار ہر روز پڑھیں۔ پھر سرسوں کو کسی کورے کوزے میں محفوظ رکھیں جب مطلوب کے گھر میں جاویں تو کچھ دانے سرسوں کے چپکے سے اس میں ڈال دیں اور کچھ اُن کے گھر میں جہاں وہ پھریں بکھیر دیں۔

نوٹ :۔ جب سرسوں ختم ہونے کے قریب ہو تو اور سرسوں اس سرسوں میں ملا کر اُس پر ۱۰۱ بار منتر موصوف پڑھ لیں۔ جگہ یاد رہے کہ جہاں فلانی فلانی کا لفظ ہے وہاں مطلوبہ کی اسکی والدہ کا نام لے۔ تب اثر ہوگا۔

(۸۷) برائے حُبّ سندور پر پڑھنے کا۔

۳۰ ستھنی توں ہنومنت تیے بجیر دں تپے کپال۔ بارہ جگہ کی ہومنی موکو سب سنسار۔ نابن رے موہنتا پُرِ سب ہیران میں تیرا سیر سب کی اکھی باندھ دے موہے تیل سندور چڑھاواں تو ہے۔ تیل سندور کہاں سے آیا۔ کیلاش پربت سے آیا۔ کون لایا انجنی کا ہنومنت اگوری کا گنیش۔ کالا پیلا تو تلا تینوں بسیں کپال بندھا تیل سندور کی دشمن گیا پتال دلّی کا بھایا سندور کی ہمیں دیکھ شیش ہو جائے۔ ہماری بھگت۔ گورو کی شکت پھرو منتر ایشور واچا۔ ست نام اونیش گورو کو۔

ترکیب۔ باہر جنگل میں پیپل کے درخت کے نیچے برہنہ بیٹھ کر ۲۱ بار اسکو پڑھیں۔ ہفتہ کا دن ہو۔ پاس ست لوبان۔ کھوئے کی قسم مٹھائی اور سندور تیل ملا کر ایک ڈبیہ میں رکھیں اور پان کے پتے بھی پاس رکھیں ہفتہ صرف ایک دن یعنی ہفتہ کو یہ عمل کیا کریں۔ ختم ہونے کے بعد

سب چیزیں چوراستہ میں پھینکدیں۔ اور سندور پاس رکھ لیں۔ جب کسی کے پاس جانا ہو۔ تو ذرا سا یہ تیل اور سندور ماتھے پر لگائیں۔ پھر جو کہیں گے۔ اُسے تسلیم کرے گا۔

(۸۸) منتر محبت لونگ پر پڑھنے کا۔

۰ لونگا لونگا لونگ سپاری لونگا باندی پورب ساری۔ پہلا لونگ موتی ماتی۔ دوجا لونگ دکھا دے چھاتی۔ تیجا لونگ کھٹری کو لا دے۔ چوتھا لونگ منی گل لا دے۔ لونگ لقمان تجھ بن چڑھ دیکھے اونچی ماڑی چھک اول ہوے تن دی ناڑی۔ بن رے شیطان۔ میرا کہنا مان۔ فلاں کن کو جالاگ ایسی لگنی لاگ۔ کھڑے کھڑی کو چین نہ بیٹھے بیٹھی کو نکھ جب تک نہ دیکھے ہمارا مُکھ گورو کی شکت چیلے کی بھگت پھرو منتر ایشور کا واچا۔ کام سو جو اللہ محمد کرے۔

ترکیب۔ نوچندی اتوار کو ۲۱ عدد لونگ لے کر ہر ایک لونگ پر ۱۰۱ بار پڑھکر آگ میں جلاتا جائے اکیس دن تک کرنے سے مطلب حاصل ہوگا۔ مگر اپنے پاس کوگل یا دھوپ کی دھونی ضرور رکھے اور ہر جمعرات کو پیر کے پھولوں کا ہار اور کچھ بتاشے رکھ دیا کرے۔

(۸۹) منتر آگ بند کرنے کا۔

بجی بنوں۔ بجتی بنوں۔ بنوں اگن سوائی۔ چار کوٹ کی بستر بنوں۔ ہماری دہائی۔ ہنومان سنے گندوا دھاوے۔ آگن گھر پانی آوے

ایہاں جوگن کلکلاں باتھہ گئی اسگاہ، نور بسنتر پوجے اگن پانی ہو جا۔

ترکیب۔ اوّل اس منتر کو اکتیس یوم تک بلا ناغہ ۱۲ بجے رات کو مسان میں جاکر ماش کے دانوں پر ۵۰۵ بار پڑھا کرے۔ اور دانے ویران کوئیں میں ڈال دیا کرے۔ جب چلہ ختم کرے۔ تو ضرورت کے وقت سات دانے ماش کے لے کر ہر ایک دانہ پر سات مرتبہ یہ منتر پڑھکر ڈالتا جائے۔ آگ بندھ جائیگی۔ جلتی تو رہے گی۔ مگر چیز کو سینک نہ پہنچا سکے گی۔

(۹۰) منتر آگ کھولنے کا۔

م اللہ جیسے بادشاہ محمد جیسے وزیر حضرت خواجہ خضر جیسے دلبند دستگیر جیسے پیر۔ ہٹ کھلے دکان کھلے۔ چار کوٹ کا راہ کھلے۔ دہائی خواجہ خضر دی۔ دہائی مہتر الیاس دی۔

چالیس بار پڑھکر پانی پر دم کرے اور پانی کو اس آگ پر چھڑکے آگ کھل جائیگی۔

(۹۲) منتر آدمی کی آگ باندھنے کا۔

م اگ بنھاں بسنتر بنھاں۔ بنھاں لشکر سارا۔ چک بنھاں۔ گھیار بنھاں چلی بھٹیارا۔ آہک بنھاں۔ منتر ٹرے تا پھرے ماچل تلے تا ہنچل گلے پھرے ایشر مہادیو تیری واچا پھرے۔ کام سو جواب اللہ محمد کرے۔

پہلے چلہ ۱۲ یوم کا کرے پھر سات عدد کنکریوں پر دم کرکے

ایک ایک کنکری آدمی میں ڈالتا جائے۔ آدمی کی آگ بندھ جائیگی۔ اور برتنوں کو سینک نہ پہنچا سکے گی۔

(۹۳) منتر دکان کی بندش کا۔

م اویس استاد گون اویس خوشہ جو کہنی بوجھے بیر جہاں اٹھے ہنکار نتاں پوے گو فلانے کی دکان کو۔ اللہ محمد حکم کرے۔ خواجہ خضر مہر کرے۔ نار سنگھ بیر بھگت کرے۔ گرو کی سنگت چلم کی لگت۔ پھرے منتر۔ ایشر مہادیو تیری واچا پھرے۔

(۹۴) چلتا ہوئی چکی ہنڈی باندھنے کا منتر۔

م ایک نلی اس جلاہے کی حاصل کرے جس کی کھڈی باندھنی ہو اور سات تار اس کے سے لے کر انکو وٹ دیکر اکیس گرہ دیوے اور ہر گرہ پر سات مرتبہ یہ منتر پڑھے۔ بعدہ موم میں غلولہ بنا کر کھڈی کے نیچے دفن کر دے۔ منتر یہ ہے۔

لَطَلبُوطَیرَ طَمَ مَلِیدُ فِرَ شَدِیدَ تُخیلَ اَجب کِنُوتِی اَشنَحَ عَقَدَ وَحَلَوَ یَا جبرَ ائیلَ یَا دَرْدَائِیلَ یَا دَفتمَائِیلَ یَا تِنکَافِیلَ کَلَامِ اَشنَحَ

پانچواں باب

علاج الامراض

(۹۵) سُرمہ برائے تپ ہر قسم۔

۴ ہڑتال ورقیہ کا تولہ کو آب تھیکوار میں ایک دن کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر دھوپ میں خشک کریں۔ اور ایک ہانڈی میں آدھی پیپل کی راکھ (سیاہ رنگ کی) بھر کر اوپر اس ٹکیہ کو رکھیں اور پیپل کی راکھ سے ہانڈی کو دبا کر بھر دیں۔ منہ بند کر کے نیچے آگ جلا دیں۔ آٹھ پہر کامل مگر آنچ دھیمی رہے بعد سرد ہونے پر ہڑتال کو نکال لیں۔ سفید کھیل کی طرح ہو گی۔ یہ کشتہ ہڑتال ایک تولہ پارہ مصفیٰ ایک تولہ گندھک آملہ سار ایک تولہ۔ پہلے گندھک اور پارہ کو کھرل کریں۔ پھر ہڑتال ملا کر ایک ریشمی کپڑے میں پوٹلی باندھیں پھر ایک زہر دار کالے سانپ کو تین انگل کے قریب سر کی طرف سے کاٹ لیویں اور منہ میں نیچے اوپر نمک بچھا کر درمیان میں پوٹلی موصوف رکھیں اور منہ کو بند کر کے گل حکمت کر کے مٹی سے خوب مضبوط کریں۔ پھر ایک ہانڈی میں نصف ریت بھریں اور درمیان میں یہ پوٹلی رکھ کر باقی حصہ بھی ریت سے بھر دیں۔ اور تمام دن نیچے آگ جلا دیں۔ پھر سرد کر کے

کو نکالیں۔ اور دوائی کو باریک پیس لیں اور آنکھوں میں سُرمہ کی طرح لگائیں۔ لطف یہ ہے کہ اگر ایک آنکھ میں ڈالیں۔ تو ایک طرف کا بخار جاوے۔ دونوں آنکھوں میں ڈالنے سے دونوں طرف کا بخار دور ہو۔

(نوٹ) سانپ خواہ کسی قسم کا ہو۔ کام تو دیجاتا ہے۔ لیکن اگر کالا ناگ ہو۔ تو افضل ہے۔

(۹۶) سرمہ برائے سوزاک۔

برادہ سینگ گاؤ کہنہ ۲ تولہ۔ برادہ سینگ جوان گاؤمیش ۲ تولہ سنبل کی روئی میں بتی بنا کر چراغ میں جلائیں اور کاجل مٹی کے سرپوش کے ذریعہ حاصل کریں۔ اور اس کاجل کو دن میں تین بار لگائیں سات دن میں عجیب تبدیلی ظاہر ہوتی ہے۔

(۹۷) سرمہ برائے دردِ سر۔

سنگ سرمہ اور اقلیمیا دونوں برابر وزن لیکر عسل کف گرفتہ رقیق میں ملا کر آنکھوں میں لگائیں۔ درد سر دور ہوگا۔ ایک آنکھ میں لگانے سے ایک طرف کا۔ دونوں طرف لگانے سے سارے سر کا درد دور ہوگا

(۹۸) سُرمہ برائے مار گزیدہ۔

مُردار سنگ مصفیٰ ۲ تولہ لیکر بھنگ مرد ۱ تولہ کے نغدہ میں رکھ کر دو پہر برابر اُپلوں کی آنچ دیں۔ اسی طرح تین آگ دیں۔ کشتہ ہو جائیگا۔ مار گزیدہ کی آنکھوں میں لگا دیں اور ایک دو سلائی ہمراہ ساتھ کے کھلائیں۔ زہر اتر جائیگا۔

جب مصیبت کا تیر کلیجہ کے پار ہو جائے

اور ہر طرف مایوسی ہی مایوسی نظر آتی ہے۔ کام اختیار سے نکل گیا ہو اور بظاہر کوئی سبب درستگی کام کا نہ رہا ہو۔ دنیا کی تمام طاقتیں جواب دے چکی ہوں اور معاملہ زر، زور اور زاری کی حدود سے متجاوز ہو چکا ہو۔ ایسی حالت میں بھی

آپ مایوس نہ ہوں!

بلکہ بندگانِ خدا کا وسیلہ ڈھونڈئیے۔ پھر دیکھئے خدا کیا سے کیا کرتا ہے۔ تم اپنے نزدیک کسی کام کو مشکل سمجھتے ہو۔ لیکن خدا کے نزدیک وہ کوئی مشکل نہیں۔

آؤ، میں وعدہ کرتا ہوں کہ اگر سچے اعتقاد اور صاف دل سے تم خدا پر بھروسہ کرو گے تو برسوں اور مہینوں نہیں بلکہ دنوں اور گھنٹوں میں کچھ سے کچھ ہو جائیگا۔

پس اگر آپ بے روزگار ہیں۔ باوجود کوشش کے ملازمت نہیں ملتی۔ یا ترقی نہیں ہوتی۔ یا افسرانِ وقت ناراض رہتے ہیں۔ یا کسی کی زلفِ گرہ گیر میں دل اٹکا ہے اور ہجر کی کالی رات کاٹے سے نہیں کٹتی یا حاسدِ بدبین سے کسی قسم کا اندیشہ ہے یا دشمن سنگدل ہے اور آپ کی عاجزی پر ترس نہیں کھاتا۔ یا کسی جائداد کا حسب منشا خریدار نہیں ملتا۔ یا کوئی خاص مال آپ کے پاس پڑا ہے۔ اور اس کا گاہک پیدا نہیں ہوتا۔ یا کاروبار چلتے چلتے رک گیا ہے یا اولاد نہیں ہوتی یا

ہو کر مر جاتی ہو۔ یا کوئی ایسی بیماری ہے کہ طبیب اور ڈاکٹر عاجز آ گئے ہیں آپ بھی دوا کرتے کرتے پریشان آ چکے ہیں۔ یا حسب منشا شادی میں رکاوٹ ہے۔ یا کسی عزیز دوست سے ناچاقی ہے۔ غرض کہ کسی قسم کی تکلیف ہو۔ آپ مجھ سے مشورہ کریں۔ خدا چاہے میں آپ کو صحیح اور تسلی بخش جواب دوں گا۔

مشورہ کی فیس کچھ نہیں۔ صرف جوابی کارڈ آنا چاہئے۔ یاد رکھیئے یہ آجکل کے اشتہاری عاملوں اور ڈھنگ باز جوتشیوں کو آپ کا مطلب کبھی حاصل نہ ہوگا بلکہ الٹا آپ کا روپیہ اور وقت برباد ہوگا شاید کسی صاحب کو بدگمانی ہو کہ یہ بھی شاید کوئی چال ہوگی۔ ورنہ بے سبب دنیا میں کون کسی کا احسان حاصل ہوتا ہے۔ ان کی تسلی کے لئے عرض ہے کہ اس سے تو یہ بہتر ہوتا کہ میں اور اشتہار بازوں کی طرح فی سوال ایک روپیہ فیس رکھ دیتا اور مفت کے سبب سے جو حقارت کی نظروں پڑتی ہیں وہ بھی نہ پڑتیں اور مجھے ایک پیسہ بھی وصول ہو جاتا۔ فرمائیے کیا میں ایسا نہیں کر سکتا تھا مگر محض فائدہ عام کی غرض سے چند دنوں کیلئے یہ اعلان ہے اور پھر انشاء اللہ بہت جلد ہی جوابات کی فیس ایک روپیہ نہیں بلکہ پانچ روپیہ ہوگی اور آپ جب آزمائش کرینگے تو میری صداقت کیوجہ سے مجبور ہونگے کہ مجھے فی سوال ۵ر دیں۔ اور اقرار کرینگے کہ میں اس علم کا کماحقہٗ ماہر ہوں۔ کارڈ جوابی لکھیں۔

ابو البرکات پیر اقبال حسن تاج نوشہروی دربار داتا گنج بخش لاہور۔

فوٹو سٹیٹ مجلد
اصل نسخے
کا عکس

بیاضِ قاسمی (حصہ اول)

جمع و ترتیب
محمد عبد الرشید قاسمی
مرکز نوادر کتب خانہ شان اسلام
لاہور
پاکستان

عطیاتِ احباب گرامی

کتب خانہ شان اسلام پر بہ نفس نفیس تشریف لانے والے معزز اطباء اور احباب گرامی نے اپنے اپنے وہ جواہر پارے افادہ عام کے لئے پیش کئے ہیں جو انہوں نے اپنی زندگی کا حاصل اور تجربہ بے شمار طور پر شافی پائے جیسے جنوب رنجاں، اکسیر مغز بن صنعت، صبر ماں الحلیم، اولاد نرینہ، حکیم سید محمد ابراہیم، خارش، افضل حسین اردو بازار لاہور، کشتہ پارہ، حکیم محمد عزیز قریشی والا، مرہم بواسیر، حکیم محمد احمد کوٹری سندھ، جنوب حنظل، حافظ سلامت اللہ گوٹ سیال کلاں، مار گزیدہ، حکیم احمد دین بشاوری، اکسیر امساک گولی، حکیم اکرام الحق لاہور، نسخہ طلاق، نور محمد شاہ با کمال والسٹی، کشتہ سم الفار، سید ابراہیم شمسی کالونی شو کوٹ، محمد حنیف بھٹی لاہور، اکسیر دمہ، حکیم فضل محمد شیخوپورہ، امساک، حکیم محمد عاشق نوری عارف الاجوب امساک، حکیم شمس الدین حضرت سلطان لاہور، مقوی اعصاب، حکیم محمد لقمان لطفی بلند شہر انڈیا، اکسیر مقوی و تولید، حکیم عبد القادر لاہور، پتھری مثانہ، گردہ، جگر، پتہ وغیرہ، استاذی مرحوم، عمل اکسیری، حکیم میاں عبد القادر لاہور، برائے جراثیم، حکیم ڈاکٹر ابراہیم، کمال شان اسلام دواخانہ لاہور، عمل اولاد نرینہ، مولانا محمد یوسف ہر بنس پورہ لاہور، نشاط افزا کیپسول (امساک)، حکیم مشتاق احمد بازی خیر شہر شریف، شورہ قائم، السوداس، حکیم بٹالہ انڈیا، نسخہ شمس صبح و دوا، مصطفےٰ قریشی سیلانی درویش، مقوی شدید، حکیم عبد الحفیظ سلیمانی، تالیسر خصوصی، حکیم عبد القادر مرحوم۔ اکسیر بلڈ پریشر: میاں صاحب مرحوم۔

صفحات ۹۳ قیمت حصہ اول -/۲۰۰ روپے۔ ڈاک خرچ بذمہ خریدار

روحانی علوم، طب و حکمت، امراض مردان و نسوان، علم کیمیا و کشتہ جات، فن و صنعت کی کتب کی مکمل تفصیل فہرست کتاب کیساتھ روانہ کی جاتی ہے۔

کتب خانہ شان اسلام [illegible]